SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**June 19, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی نے انویسٹر ایجوکیشن رولز 2017 جاری کر دیے

اسلام آباد (19 جون) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انویسٹر ایجوکیشن اینڈ اویئرنس رولز 2017 اور بنا دعویٰ حصص، مضاربہ سرٹیفکیٹ اور دیگر انسٹرمنٹس کے ریگولیشنز 2017 کے مسودے عوامی رائے عامہ کے حصول کے لئے جاری کر دیے ہیں۔ قواعد و ضوابط کے مسودے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیے گئے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و ادارے جون کی انیتس تاریخ تک اپنی تجاویز و آراء کمیشن کو بھجوا سکتے ہیں۔

ان مجوزہ رولز میں انویسٹر ایجوکیشن فنڈ کے انتظام و انصرام کے لئے لیگل فریم ورک تجویز کیا گیا ہے۔ ان قوائد کے مطابق ایس ای سی پی انویسٹر ایجوکیشن فنڈ کو ایک علیحدہ بینک اکاؤنٹ میں رکھے گا اور اس اکاؤنٹ کے انتظام اور اس کے حسابات باضابطہ طور پر ترتیب دیے جائیں گے۔ ان قوائد کے مطابق اس فنڈ سے سرمایہ کاروں میں آگہی پیدا کرنے کے لئے سرگرمیوں منعقد کرنے کے لئے ایس ای سی پی سالانہ منصوبہ بندی کرے گا۔ اس کے علاوہ اس فنڈ کی نگرانی کے لئے ایک ایڈوائزری کمیٹی بھی تشکیل دی جائے گی جس میں سٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، کارپوریٹ سیکٹر، مارکیٹ کے دیگر شراکت داروں اور تعلمی ماہرین شامل ہوں گے۔

ان رولز میں ایسے حصص، مضاربہ سرٹیفیکیٹ اور ڈیوڈنڈ جن کے کوئی دعوی دار موجود نہ ہوں کی فروخت اور ان کو کلیم کرنے کے طریق کار کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔ انویسٹر ایجوکیشن فنڈ کا قیام ایس ای سی پی کی انویسٹر ایجوکیشن کی سرگرمیوں کو پھیلانے اور ان کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مجوزہ رولز کے مسودے پر تجاویز و آراء اس ای میل ایڈیس commission.secretariat@secp.gov.pk پر بھجوائی جا سکتی ہیں۔